## FCPS کے ہائی اسکول سائنس طلباء کی حفاظتی تدابیر کا معاہدہ

سائنس ایک لیبارٹری کلاس ہے جہاں عملی تحقیقات کی جاتی ہیں۔ آپ بہت سی ایسی لیبارٹری تحقیقات کریں گے، جن میں ممکنہ طور پر مضر کیمیکلز، مواد اور سامان کی ضرورت ہوتی ہے۔ سائنس کی کلاس میں طلباء، اساتذہ، اور والدین کی حفاظت پہلے نمبر پر آتی ہے۔ ایک محفوظ سائنس کلاس کو یقینی بنانے کے لیئے، آپکو اس حفاظتی معاہدہ میں قواعدوضوابط کی ایک فہرست فراہم کی گئی ہے۔ ان قواعد وضوابط پر ہر وقت عمل کرنا لازمی ہے۔ اس معاہدہ کی دو کاپیاں فراہم کی جاتی ہیں۔ لیبارٹری میں شرکت کرنے سے پہلے ایک کاپی پر آپ کے اور آپ کے والدین میں سے کسی ایک یا سرپرست کے دستخط ہونے لازمی ہیں۔ دوسری کاپی آپکی سائنس کی نوٹ بک میں حفاظت کے قوانین کی مسلسل یاد دہانی کے طور پر موجود رہنی چاہیئے۔

### عمومی ضابطے

1. تمام احکامات اور ہدایات پر احتیاط سے عمل کریں۔ لیب میں تحقیقات شروع کرنے سے پہلے تمام لیبلز اور سامان استعمال کرنے کی ہدایات کو دھیان سے پڑھ لیں۔
2. لیب میں ہر وقت ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ لیب میں مذاق یا خراب رویے کا مظاہرہ مت کریں۔
3. لیب میں کھانے پینے سے گریز کریں۔ لیب کلاس رومز اور پریپ رومز میں پلمبنگ فکسچرز / نل میں سیسے کی معمولی مقدار شامل ہوسکتی ہے اور یہ پینے کیلئے پانی نہیں ہوتا۔ انہیں لیب کے تجربات ، ہاتھوں، اور آلات کو دھونے کیلئے محفوظ طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے، لیکن اسے پینے بشمول، بوتل میں بھرنے، چائے ، کافی اور کھانا وغیرہ تیارکرنے کیلئے کبھی استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔
4. لیب میں کبھی بھی بغیر نگرانی کے کام مت کریں۔
5. جب تک آپکو ایسا کرنے کی ہدایات نہ دی گئی ہوں، لیب کے کسی بھی سامان یا مواد کو ہاتھ مت لگائیں۔
6. بلا اجازت تجربات کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ اپنے ٹیچر کی اجازت کے بغیر اپنے لیب کے طریقہ کار میں کوئی تبدیلی مت کریں۔
7. تحقیق سے پہلے، دوران اور بعد میں اپنے لیب کے حصے کو صاف ستھرا اور ترتیب سے رکھیں۔
8. لیب میں تحقیق کرنے کے دوران اپنی آنکھوں، ناک یا منہ کو ہاتھ لگانے سے گریز کریں۔
9. لیب میں موجود تمام حفاظتی سامان کی جگہ اور استعمال کے طریقہ کار کے بارے میں آگاہ رہیں۔
10. کسی بھی غیر محفوظ چیز کے بارے میں جاننے یا نوٹ کرنے کی صورت میں اپنے ٹیچر کو مطلع کریں۔
11. لیب کے تمام فاضل مادوں کو ہدایت کے مطابق تلف کریں۔
12. جب مناسب ہو لیب چھوڑنے سے پہلے صابن اور پانی سے ہاتھ دھویں۔
13. اپنے ٹیچر کی اجازت کے بغیر لیب کے پریپ روم یا اسٹوریج روم میں مت جائیں۔۔
14. فائر ڈرلز کے لئے لیب کے طریقہ کار یا لیب میں دیگر رکاوٹوں کے بارے میں جانکاری رکھیں: ہیٹنگ ایلیمنٹس کو بند کرنا، تمام ڈبوں کو بند کرنا، اور گیس بند کرنا۔
15. لیب میں تیز دھار والی اشیاء کا استعمال کرتے ہوئے احتیاط برتیں۔ تیز دھار والی اشیاء کو ہمیشہ اس طرف سے پکڑیں جہاں سے دھار والا حصہ آپ سے اور دوسروں سے دُور رہے۔
16. اپنی کسی بھی ایسی طبی صورتحال ( حالتوں) کے بارے میں اپنے ٹیچر کو ضرور مطلع کریں جو لیب میں کام کرنے کے دوران آپکی صلاحیت پر اثرانداز ہوسکتی ہے۔ اگر آپکے ساتھ کوئی طبی مسئلہ ہے تو ہمیشہ لیب میں کام کرنے کے حوالے سے اپنے ڈاکٹر کے ساتھ مشورہ ضرور کریں۔

### کپڑے اور ذاتی حفاظتی سامان

17. ہر وقت چشمے پہننے لازمی ہیں جب کیمیکلز، گرم اور شیشے کی اشیاء کے ساتھ کام کیا جارہا ہو۔
18. لیب کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیئے مناسب لباس کی ضرورت ہے( ذیل میں ملاحظہ کریں)۔
19. لیب ایپرنز فراہم کیئے جاتے ہیں اور کیمیکلز، چاک کرنے، حیاتیاتی ایجنٹ اور گرم چیزوں کی تحقیق کرتے وقت استعمال ہونے چاہئیں۔

### حادثات اور چوٹیں

20. تمام حادثوں، چوٹوں اور غلطی سے گر جانے یا بہہ جانے والی چیزوں کے بارے میں اپنے ٹیچر کو فوری طور پر مطلع کریں۔

### کیمیکلز کو استعمال کرنے کا طریقہ

21. لمبے بال، ڈھیلے کپڑے اور زیورات پیچھے بندھے ہوئے ہونے چاہئیں۔ آگے سے بند جوتے پہننے کی ضرورت ہے۔
22. ایسے کیمیکلز جنہیں ہوا کی آمدورفت یا وینٹیلیشن کی ضرورت ہوتی ہے، کے لیئے ایک fume hood (دھوئیں سے بچنے والی ٹوپی) استعمال کرنا لازمی ہے
23. لیب کے بعد صفائی کرتے وقت:
    a. اپنے لیب اسٹیشن کو صاف کریں۔
    b. فضلہ کیمیکلز کو ہدایت کے مطابق تلف کریں ۔
    c. ہاتھ پانی اور صابن سے دھوئیں۔
24. کسی بھی کیمیکل کوچھونے یا چکھنے سے گریز کریں۔ اگر کیمیکلز کو سونگھنے کی ہدایات دی گئی ہوں تو ڈبے میں سے بخارات کو ہلکے سے سونگھیں۔ کسی بھی ڈبے سے کیمیکلز کو براہ راست مت سونگھیں۔
25. پیٹ کو بھرنے کے لیئے صرف پیٹ پمپ یا ربر بلب کا استعمال کریں۔ اپنے منہ کا استعمال کبھی مت کریں۔
26. ٹیسٹ ٹیوب میں موجود مواد کو اوپر سے نہیں بلکہ کسی ایک رخ سے دیکھیں۔ ٹیسٹ ٹیوب میں کیمیکلز کی آمیزش کرتے وقت اپنے ٹیچر کے بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کریں۔
27. بہہ جانے والی چیزوں کو مناسب طریقے سے صاف کرنا لازمی ہے۔ کسی چیز کے بہہ جانے کی صورت میں، فوری طور پر اپنے ٹیچر کو بتائیں۔
28. تیزاب اور اساس احتیاط سے استعمال ہونے چاہئیں۔ تیزاب کو پتلا کرتے وقت، تیزاب کو ہمیشہ پانی میں ملائیں۔
29. چوٹ لگنے کی صورت میں، اپنے ٹیچر کو مطلع کریں۔
30. اگر کیمیکل آپکی جلد پر لگ جائے تو اسے پانی سے دھوئیں
31. اگر کیمیکل آپکی انکھوں میں چلا جائے یا تو آنکھیں دھونے والے اسٹیشن پر 20 منٹ تک اپنی آنکھوں میں پانی کے چھینٹے ماریں۔ اگر آپ نے لینس پہنے ہوئے ہیں تو انہیں جلد ازجلد اتار دیں۔

**شیشے کی اشیاء کواستعمال کرنے کا طریقہ**

32. استعمال سے پہلے شیشے کی اشیاء کو ہمیشہ دراڑ اور ٹوٹے ہوئے حصوں کے لیئے اچھی طرح سے دیکھ لیں۔ شیشے کی ٹوٹی ہوئی اشیاء کا استعمال کبھی مت کریں۔
33. کسی بھی ٹوٹی ہوئی یا دراڑ شدہ شیشے کی چیز کے بارے میں اپنے ٹیچر کو فوری طور پر مطلع کریں۔ ٹوٹا ہوا شیشہ دی گئ ہدایات کے مطابق ضائع کیا جانا چاہیئے۔

**آگ یا شعلوں کا استعمال کرتے ہوئے**

34. آگ یا شعلوں کا استعمال کرنے سے پہلے لمبے بال، ڈھیلے کپڑے اور زیورات پیچھے بندھے ہوئے ہونے چاہئیں۔
35. کوئی بھی گرم ہوتی ہوئی چیز یا کھلے شعلوں کو بغیر توجہ کے مت چھوڑیں۔
36. کھلے شعلوں کا استعمال کرتے وقت دھیان اِدھر اُدھر مت کریں۔ کھلے شعلوں کو پکڑنے کی کوشش کبھی مت کریں۔
37. ٹیسٹ ٹیوب گرم کرتے وقت، ایک ٹیسٹ ٹیوب کلیمپ کا استعمال کریں اور ٹیسٹ ٹیوب کی کھلی طرف ہمیشہ اپنے اور دوسروں سے دُور رکھیں۔
38. آگ پکڑنے والے مائعات کو کبھی بھی شعلوں پر گرم مت کریں۔ آگ پکڑنے والے مائعات کو کبھی بھی کھلے شعلوں یا آگ والی جگہ کے قریب مت چھوڑیں۔
39. شیشے اور دھات سے بنی ہوئی اشیاء، گرم ہونے کے بعد دیر تک گرم رہتی ہیں اور بظاہر بالکل ٹھنڈی نظر آتی ہیں۔ استعمال کرنے سے پہلے انہیں ایک موصل سطح پر ٹھنڈا ہونے کے لیئے رکھیں۔
40. ہاٹ پلیٹ کا استعمال کرتے وقت، گرم حصےکو ہاتھ مت لگائیں۔
41. کام ختم ہونے کے بعد ہاٹ پلیٹ کا پلگ نکال دیں اسے ایک طرف ٹھنڈا ہونے کے لیئے رکھ دیں۔
42. کسی گرم چیز سے جل جانے کی صورت میں، اپنے ٹیچر کو مطلع کریں۔
    a. جلے ہوئے حصے کو ٹھنڈا کرنے کے لیئے ٹھنڈے پانی کے نیچے رکھیں۔

**بجلی اور دیگر آلات کو استعمال کرنے کا طریقہ**

43. ساکٹ سے بجلی کے پلگ کو نکالنے کے لیئے - ہمیشہ پلگ سے پکڑ کر اتاریں - تار کھینچ کر نہیں۔ بجلی کے سوئچ، پلگ اور دیوار کے ساکٹ کو ہاتھ لگانے سے قبل یہ بات یقینی بنائیے کہ آپ کے ہاتھ خشک ہیں۔
44. دیوار کے ساکٹ میں پلگ لگانے سے پہلے سامان کا نظروں سے اچھی طرح سے جائزہ لے لیں۔ کبھی بھی ادھڑی ہوئی تاروں، ننگی تاروں یا ڈھیلے کنکشن والے سامان کا استعمال مت کریں۔
45. خراب یا ٹوٹے ہوئے سامان کے بارے میں اپنے ٹیچر کو فوری طور پرمطلع کریں۔
46. الیکٹروسٹیٹک سامان کا دی گئ ہدایات کے مطابق اخراج کریں۔
47. لیب کی تمام تیز کناروں والی چیزوں سے ہوشیار رہیں اور ان چیزوں کا استعمال کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔
48. بھاری چیزوں کا استعمال ہر وقت احتیاط سے کریں۔
49. لیزر کی طرف کبھی بھی براہ راست مت دیکھیں یا اسے کسی اور پر مت پھینکیں۔

**حیاتیاتی مواد کے استعمال کا طریقہ**

50. سلائڈ اور پیٹری ڈش کی تیاری کے وقت چشمے پہننے کی ضرورت ہوتی ہے۔ مائیکرو سکوپ سے نمونے دیکھتے وقت، چشمے وقتی طور پر اتارے جاسکتے ہیں، مگر دوسرے حیاتیاتی ایجنٹس کے ساتھ کام کرتے وقت چشمے ہر وقت پہننے چاہیں۔
51. سالم نمونوں کا استعمال کرتے وقت دستانے پہننے ضروری ہیں۔
52. سالم یا زندہ یا بکٹیریا کے نمونوں کے تجربات کرنے کے بعد تمام کام والی جگہوں کو صاف کریں اور اپنے ہاتھ پانی اور صابن سے دھوئیں۔
53. تمام حیاتیاتی مواد دی گئ ہدایات کے مطابق ضائع کرنے چاہیں۔

**طالب علم/ طالبہ کا معاہدہ:**

میں اس معاہدہ کے تمام حفاظتی قوانین کی پیروی کرنے سے اتفاق کرتا / کرتی ہوں۔ مجھے اس بات کا احساس ہے کہ میں اپنی اور دوسروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ان قوانین کی پیروی کرنے کی/ کا ذمہ دار ہوں۔ میں اپنے ٹیچر اور ہم جماعتوں کے ساتھ لیب میں ایک محفوظ ماحول کو برقرار رکھنے کے لیئے کام کروں گا/ گی۔ میں اپنے ٹیچرکی طرف سے دی گئی زبانی اور تحریری ہدایات کی پیروی کروں گا/ گی۔ میں اس بات سے آگاہ ہوں کہ اس حفاظتی معاہدہ کی کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں، جس کے نتیجے میں لیب میں کوئی غیرمحفوظ صورتحال پیدا ہو جائے، SR&R کے مطابق تادیبی کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

طالب علم/ طالبہ کا نام:______________________________

طالبعلم/طالبہ کے دستخط:

______________________________

تاریخ :______________________________

**والد یا والدہ/ سرپرست کا معاہدہ:**

میں نے اس معاہدہ کے تمام حفاظتی قوانین پڑھ لیئے ہیں اورمیں اپنے بچے کے لئے لیب میں ایک محفوظ ماحول فراہم کرنے کے حوالے سے اٹھائے جانے والے اقدامات سے آگاہ ہوں۔ میں اس معاہدہ کو برقرار رکھنےاور لیب میں ان قوانین پرعمل کرنے کے لیئے اپنے بچے کو ہدایات دوں گا/ گی۔

والد یا والدہ/ سرپرست کا نام:______________________________

والد/والدہ/سرپرست کے دستخط:

______________________________

تاریخ:______________________________